980 احادیث نبوی کا بے مثال و نادر مجموعہ

بفیضانِ کرم

حضرت سید محمد اسمٰعیل شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

معروف حضرت کرمانوالے

حضرت سید محمد علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت سید محمد عثمان علی شاہ بخاری

حضرت سید محمد غضنفر علی شاہ بخاری

حضرت سید صمصام علی شاہ بخاری

بفیضانِ نظر

حضرت پیر سید میر طیب علی شاہ بخاری مدظلہ العالی

سجادہ نشین حضرت کرمانوالہ شریف

قیمت 200 روپے

زیرِ اہتمام

سمیع اللہ برکت

زیرِ سرپرستی

حاجی انعام اللہ طیبی نقشبندی برکاتی

شائع

ستمبر 2006

۲۔ دجال۔

۳۔ یاجوج ماجوج۔

۴۔ دھواں۔

۵۔ دابہ (جانور)۔[1]

۵۰۸۔ حضرت ابورافع' حضرت ابوہریرہ ﷜ سے اور وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا: ''چار چیزیں ایسی ہیں کہ ان میں سے ہر ایک اللہ تعالیٰ کے ہاں حجت اور عذر قرار پائے گی:

۱۔ کوئی شخص زمانۂ فترت میں انتقال کر جائے۔

۲۔ کوئی آدمی بڑھاپے میں فوت ہو جائے۔

۳۔ ایسا شخص جس کی عقل کام نہ کرتی ہو۔

۴۔ بہرہ گونگا آدمی۔

اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا: میں تمہاری طرف رسول (فرشتہ) بھیجتا ہوں پس تم اُس کی اطاعت کرو پس وہ ان کے پاس آئے گا' ان لوگوں کیلئے آگ بھڑکائی جائے گی اور وہ (فرشتہ) کہے گا اس میں داخل ہو جاؤ پس جو اس میں داخل ہو گا' آگ اس پر ٹھنڈک اور سلامتی بن جائے گی اور جو اس میں داخل نہیں ہو گا اس کے لئے عذاب ثابت ہو جائے گا۔[2]''

۵۰۹۔ حضرت ابوالمھزم' حضرت ابوہریرہ ﷜ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم ﷺ سے سنا۔ جب آپ کے پاس ایک بڑے پیالے میں سات گوہ لائی گئیں ان پر گھی ڈالا گیا تھا تو رسول اکرم ﷺ نے فرمایا مجھے ان سے گھن آتی ہے تم ان کو کھاؤ۔[3]

۱۔ اُس وقت توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا لہٰذا کفر سے توبہ کرنا اور ایمان لانا مفید نہ ہو گا۔۱۲ ہزاروی۔

۲۔ یعنی وہ اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے فرشتے کی بات مانیں گے اور جہنم میں داخل ہو جائیں تو وہ ان کے لئے عذاب نہیں ہو گی لیکن جب اس کی بات نہیں مانیں گے تو عذاب کے مستحق ہوں گے۔۱۲ ہزاروی۔

۳۔ حضور ﷺ نے گوہ نہیں کھائی اور دوسروں کو منع نہیں فرمایا۔۱۲ ہزاروی۔